دورانِ سماعت بینک نے تسلیم کیا کہ بنکرز چیک مالیتی -/1,300,000 روپے شکایت کنندہ کی جعلی دستخطوں پر جاری کیا گیا ہے۔ بینک نے یہ غلطی تسلیم کرلی مگر اس کی کوئی توجیح پیش نہیں کی گئی۔

ان سہولیات کے تحت فائدہ اٹھانے کے باعث آج تقریباً پانچ سو بیس ارب روپے اور بارہ لاکھ ٹرانسیکشنز ہر روز کئے جاتے ہیں۔ برانچ لیس بینکنگ کے تقریباً -/351,912 ایجنٹ ہیں۔ (Source SBP Branchless Banking Newsletter for Jul-Sep 2016).

اس تیزی سے پھیلتے ہوئے کاروباری سلسلے کو خاص طور پر رقم کی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی کے مدنظر اتنے ہی اعلیٰ معیار کے حفاظتی اقدامات کی بھی ضرورت ہے۔ ایک بات جو بڑی وضاحت کے ساتھ سامنے آئی وہ یہ تھی کہ بینکوں سے فریبی افراد رقوم نکال کر Microfinanace Bank اور موبائل کمپنیز کے کسٹمرز کے نام ان رقوم کو منتقل کرتے ہیں۔ بینکنگ محتسب کے ادارے کے لئے یہ مشکل ہوتا ہے کہ وہ ان موبائل کمپنیز اور مائیکروفائنس بینکوں میں بھیجی جانے والی رقوم کے بارے میں فیصلہ کر سکے کیونکہ قانونی طور پر یہ ادارے (مائیکروفائنس اور موبائل کمپنیز) بینکنگ محتسب کے دائرہ کار میں نہیں آتے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ چوری کی جانے والی رقوم کی پوری money trail تک پہنچنے کے لئے اربابِ حل وعقد، مائیکروفائنس بینکس، انویسٹمینٹ بینکس اور موبائل کمپنیز کی بینکاری کو بینکنگ محتسب کے دائرہِ اختیار میں شامل کرنے پر غور کرینگے۔

۴۔ شکایتوں کے تصفیے کے سلسلے میں غیر معمولی تاخیر

ہماری تحقیقاتی کاروائی کے دوران عام طور پر یہ محسوس کیا گیا ہے کہ بینک زحمت طلب شکایتوں میں اپنی حقیقی اور تحقیقاتی رپورٹیں بھیجنے میں ناقابل قبول حد تک تاخیر کرتے ہیں۔ حالانکہ فیڈرل اومبڈسمین انسٹی ٹیوشنل ریفارمس ایکٹ 2013 کی ہدایات میں صاف طور پر واضح کر دیا گیا ہے کہ بینک کو 15 دن کے اندر اپنا جواب بھیج دینا چاہیئے۔ بینکوں کی درخواست پر اس مدت میں 7 دن کی مزید توسیع دی جاسکتی ہے۔ عام طور پر بینک اس قانونی اصول کی پرواہ نہیں کرتے خصوصاً زحمت طلب اور پیچیدہ مقدمات ہیں جیسے متوازی بینکاری وغیرہ۔ ہم ان کی مشکلات کو سمجھتے ہیں اور زحمت طلب اور پیچیدہ نوعیت کی بناء پر ان کو کافی وقت دے دیتے ہیں لیکن معمولی معاملات جیسے گاڑیوں کے قرضے، این او سی کا اجراء، یا بینک کے ملازمین کی بدتمیزی وغیرہ ایسے معاملات ہیں جن میں تاخیر کا کوئی جواز نہیں ہوتا۔ بینکوں کی جانب سے سست رفتاری کے معاملات کو بھی دیکھنے کی ضرورت ہے اور یہ فرض ریگولیٹر کو انجام دینا چاہیئے۔

مزید براں ہم کو اکثر ایسے واقعات کا سامنا کرنا پڑا جہاں بینکوں کو ادائیگی کے لئے شکایت کنندہ کو ادائیگیاں کرنا پڑی لیکن ان کی اندرونی پالیسی اور حتمی منظوری بہت وقت لیتی ہے جو فوری انصاف کی فراہمی کے مقصد کی نفی کرتی ہے۔

اس لئے یہ بہت ضروری ہے کہ بینکوں کو ہدایت کی جائے کہ وہ اپنے شکایتی نظام میں تبدیلی لائیں اور سرخ فیتے والے نظام کو ختم کریں۔ تاکہ صارفین کو جلد ادائیگی ہو سکے۔ اس امر کی ضرورت ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اپنے BPD سرکلر نمبر 17 مورخہ 7 جون، 2004 پر مکمل عمل درآمد تلقین کرے۔

۵۔ متوازی بینکاری

سال رواں میں درج کرائی جانیوالی شکایتوں میں ایک مجموعی جائزے سے پتہ چلتا ہے کہ متوازی بینکاری کے ذریعے صارفین کی بڑی رقومات دھوکا دہی سے نکالی گئی ہیں۔ اس مرض کا علاج صرف اور صرف یہ ہے کہ بینک اپنے وضع کئے ہوئے کنٹرول سسٹم کی پاسداری کو یقینی بنائیں اور اس سلسلے میں بینکوں کے آڈٹ افسران کی تعداد میں اضافے کے ساتھ ساتھ انکی استداد میں بھی بہتری لائی جائے علاوہ ازیں صارفین سے اعلیٰ سطح کے افسران کے رابطے استوار کئے جائیں تاکہ یہ افسران ان رابطوں کے ذریعے بینک کی برانچوں کے افسران کی اہلیت اور انکی کارکردگی پر نظر رکھ سکیں۔ یہاں یہ عمل بھی قابل ذکر ہے کہ مجموعی طور پر بینکوں میں نئی بھرتی کے وقت اور خصوصی طور پر دوسرے بینکوں سے ملازمت میں لئے جانے والے اسٹاف کی چھان پھٹک (screening) توجہ سے نہیں کی جاتی۔ اکثر شکایتوں کی تحقیقات کے نتیجے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ ایک بینک میں فراڈ (دھوکہ دہی) کے بعد وہی شخص دوسرے بینک میں اور بعض اوقات اعلیٰ پوزیشن پر نوکری حاصل کر لیتا ہے اور پھر پہلے سے بڑی رقم کے فراڈ میں ملوث پایا جاتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسٹاف کی بھرتی کے وقت سفارش کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف اسکے تجربے کو مدنظر نہ رکھا جائے بلکہ اسکے تمام کوائف کی مناسب چھان بین کی جائے۔

۲۔ بینک ایشورینس / بینکوں کے تیسرے فریق کی مصنوعات کی فروخت

گزشتہ چند سال سے بینکوں نے تیسرے فریق کی خدمات کی فروخت بھی شروع کی ہیں۔ خصوصاً بینک ایشورنس کی۔ بینک ایشورنس کی غلط فروخت کی بات مناسب یا معقول کنٹرول یا مانیٹرینگ میکانزم اور اسٹیٹ بینک کی جاری کردہ گائیڈ لائنز اور سیکیورٹی ایکس چینج کمیشن پاکستان (SECP) کی کھلی خلاف ورزیاں دیکھی گئی ہیں۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور سیکیورٹی ایکس چینج کمیشن بار بار ضروری رہنما ہدایات جاری کرتے رہتے ہیں کہ امانت داروں اور کھاتے داروں کے مفادات کا تحفظ کیا جائے۔ سیکیورٹی ایکس چینج کمیشن نے اپنی 31 جولائی، 2016 کو اپنے رہنما اصولوں میں بینک ایشورینس کی فروخت کے متعلق بڑی وضاحت سے مطلع کیا ہے کہ بینک اس بات کو یقینی بنائے کہ بیمے کے ایکزیکٹیو اور مخصوص افراد مناسب طور پر تربیت شدہ ہیں۔ اور بیمے کی متعلقہ مصنوعات کی گہری واقفیت رکھتے ہیں جن کی وہ خرید و فروخت کرتے ہیں اور توثیق کے مرحلے سے گزر چکے ہوں۔

غلط نمائندگی یا پالیسی کے متوقع فوائد کے متعلق گمراہ کن رہنمائی، سالانہ پریمیم کی ملنے والی رقم کی مقدار یا گاہک کو ملنے والی مراعات کو روکنے پر زور دینا چاہیئے کیونکہ یہ مارکیٹ کی کیفیت کو گمراہ کرنے کے مساوی ہے۔

ایسی مثالیں موجود ہیں جہاں پالیسی بے پڑھے لکھے فرد، کم آمدنی والے ان اشخاص کو فروغ کی گئی، جو شرائط وضوابط اور پالیسی کی دفعات کو سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے تھے بلکہ سالانہ پریمیئم ادا کرنے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتے تھے۔ لیکن ان کو ایجنٹ کے نقطہ نظر سے پالیسی سرمایا کاری کے بہتر منافع حاصل کرنے کی توقع پر جاری کر دی جاتی ہے اور اس طرح ان کو محنت کی کمائی ہوئی ڈیپاذٹ شدہ رقم سے بھی محروم کر دیا جاتا ہے۔

SECP نے 'Insurance Need Analysis' کے عنوان سے بینکوں کو ایک خاکہ بھی فراہم کیا ہے جس کے مطابق کسی بھی بیمہ پالیسی فروخت کرنے سے قبل SECP کے فراہم کردہ خاکے پر عمل کرنا چاہیئے۔

علاوہ ازیں بینک ایشورنس کے ساتھ ساتھ بینکوں کی ذیلی شاخیں Assets Management Companies سے کئے ہوئے معاہدوں کے تحت ان کی دستاویزات کی فروخت بھی کرتے ہیں۔ بینک جب ان خدمات کو فروخت کرتے ہیں تو گاہکوں کو سرمایہ کاری سے مناسب طور پر آگاہ نہیں کرتے اور اس وقت جب اسٹاک ایکسچینج مائل بہ زوال ہوتے ہیں اور گاہک اپنے زر اصل سے بھی محروم ہو جاتے ہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ اسٹیٹ بینک کو صرف اس شعبے کے لئے خصوصی اور مناسب رہنما اصول جاری کرنا چاہیئے۔ اور یوں بینکوں اور گاہکوں کے مفاد کا تحفظ کرنا چاہیئے۔

اس لئے سفارش کی جاتی ہے کہ ایک شفاف اور واضح میکنزم قائم کیا جائے بینکوں کی طرف سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی گائیڈ لائنز کو باقاعدہ بنانے کا طرز عمل جاری رکھا جائے جو تیسرے فریق کی پیداواروں کی فروخت کو شفاف بنانے کے لیئے ہوں اور اس کی مسلسل مانٹرنگ کی جائے۔ تاکہ معصوم صارفین کو زیرو صفر شرح کے نقصانات سے بچایا جائے جو غلط فروختگی سے پیدا ہوتے ہیں۔

۳۔ بغیر برانچ کی بینکنگ (Branchless Banking)

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کے باعث بغیر برانچ کی بینکنگ میں خاطر خواہ اضافہ دیکھا گیا ہے۔ ان اقدامات سے متوسط طبقے کے لوگ بھی بڑے تجارتی اور کاروباری لوگوں کی طرح اب نئی ٹیکنالوجی سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں اور نہ صرف شہروں میں بلکہ دیہاتوں میں بھی موبائل فون کمپنیوں کی معاونت سے کی جانے والی بینکنگ سروسز سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اپنے بلوں کی ادائیگی اور چھوٹی رقومات کی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی اب موبائل فون کے ذریعے ممکن ہوگئی ہے۔ جیسے جیسے وقت گزرے گا معاشی نظام میں اس درمیانہ درجے کے حصے کو مزید تقویت ملے گی۔

مسائل جن کی نشاندہی 2016 میں کی گئی

ا۔انٹرنیٹ بینکاری

روایتی بینکاری کے مقابلے میں e-Banking کو پوری دنیا میں ترجیح دی جارہی ہے۔امسال پاکستان میں e-Banking کے تحت کئے جانے والے کاروبار میں 16% اضافے کا رجحان دیکھا گیا جبکہ رقم کے حساب سے یہ اضافہ 4% تھا۔تجارتی لین دین کے علاوہ بڑی رقوم کی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی میں electronic transaction پوری دنیا کی طرح ہمارے ملک میں بھی بغیر برانچ اور موبائل بینکنگ کو تقویت دے رہی ہے۔

ٹیکنالوجی کی اس ترقی کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ٹیکنالوجی کے حصار کو مضبوط کیا جائے تاکہ فریبیوں سے محتاط رہا جائے جو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے گاہکوں کے کھاتے تک پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں اور ان کی خفیہ اور ذاتی معلومات کو ناجائز طور پر استعمال کر کے بینکوں کے کھاتے داروں کی بڑی رقم ہضم کر جاتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اسی حفاظتی حصار کی مضبوطی کے لئے یکم اپریل 2016 سے

"Regulations for Security Internet Banking" کا اجراء کیا۔

مرکزی بینک کی ہدایات کے باوجود یہ دیکھا گیا کہ کچھ بینکوں نے Two Factor Authentication (2FA) کی ہدایات کا ابھی تک مکمل طور پر اطلاق نہیں کیا۔بینکوں کے اس تساہل کے باعث گزشتہ سال بینکنگ محتسب کے ادارے کو ملنے والی شکایت میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔اور عمومی طور پر پایا گیا کہ بینکنگ کسٹمرز e-Banking کے باعث پیدا ہونے والے خطرات سے آگاہی نہیں رکھتے۔بینکوں کے لئے لازم ہے کہ جب وہ کوئی نیا Product متعارف کرائیں تو اس سے پہلے اس کے گرد مضبوطی کا حصار کھینچے تاکہ نہ صرف کسٹمر بلکہ بینکوں کو بھی کوئی زک نہ اٹھانہ پڑے۔

زیادہ تر انٹرنیٹ فریب دو مرحلوں میں انجام پاتے ہیں۔

* پہلے تو فریبی غیر قانونی طور پر صارف کے اکاؤنٹ کی معلومات حاصل کرتے ہیں جیسے استعمال کنندہ کا نام اور پاس ورڈ۔
* دوسرے بعد ازاں ان معلومات کو استعمال کرتے ہوئے اپنے شکار کی رقم کسی دوسرے اکاؤنٹ میں منتقل کر دیتے ہیں اور پھر وہاں سے نکال لیتے ہیں۔چال باز اور فریبی عام طور پر گاہک کی ذاتی معلومات ان ذرائع سے حاصل کر سکتے ہیں۔
* مطلوبہ شکار کے مالیاتی کاروبار کو نگاہ میں رکھتے ہیں اور کاروبار میں جو سودا کاری ہوئی ہے اس کو ریکارڈ میں رکھتے ہیں۔
* Phishing میں ای میل اسکیمپ اور گاہک کے بینک کی جانب سے نقلی ای میل کا ارسال کرنا تاکہ اس کی ذاتی معلومات کا یقین ہو جائے۔یعنی online پر استعمال کرنے والے کا نام اور پاس ورڈ
* صارف کے کمپیوٹر پر اس کی اطلاع کے بغیر آزاد دی جانے والا سوفٹ ویر کی تنصیب

بینکوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اس فریب کو روکنے کے لئے متبادی اور انسدادی طریقے اختیار کریں۔ضرورت ہے کہ بینک ایسی مناسب پالیسی اختیار کریں جو مسلسل مانیٹرنگ، اکثر و بیشتر جائزے اور صارف کے تحفظ کے لئے نئے انتظامات کو اپنائے تاکہ ان کے نظام عمل کو سائبر کے حملوں سے تحفظ حاصل ہو سکے۔بہر حال قابل غور نکتہ بدستور وہی ہے جو موجودہ سسٹم (فائر والز) کو بینک کی وسعت تک محدود رکھے نیز اس کے گاہکوں کو بھی تحفظ اور اطمینان نصیب ہو۔

بینکوں کا یہ بھی فریضہ ہے کہ وہ اپنے گاہکوں کو ان خطرات سے آگاہ کریں جو online سے وابستہ ہیں اور بطور خاص ان کو جلی حروف میں خبردار کیا جائے کہ وہ اپنے کارڈوں، دستاویزات اور پاس ورڈ کسی بھی غیر شخص کو دینے سے گریز کریں اور وقتاً فوقتاً ان کی مسلسل مانیٹرنگ، جائزہ اور باضابطہ مدافعت کے تحفظ کے لئے موثر معیارات میں اضافہ کرے۔

بینکنگ محتسب جناب انیس الحسنین نے پروگرام کے اختتامی اجلاس میں شرکت فرمائی اور نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو سرٹیفکیٹ دیئے۔

۴۔راولپنڈی ریجنل آفس میں توسیع

راولپنڈی/اسلام آباد اور اس کے گردونواح کے اضلاع کی شکایات میں نسبتاً قدرے اضافہ ہوا ہے اور اس ضمن میں شکایت کنندہ کی ریجنل آفس میں آمد میں بھی اضافہ ہوا ہے۔لہذا اس مقصد کے لئے اسٹیٹ بینک (بینکنگ سروسز کارپوریشن) سے 800 مربع فٹ اضافی جگہ حاصل کی گئی۔دوران سال راولپنڈی ریجنل آفس کی توسیع/تزئین کا کام مکمل کیا گیا جس سے شکایت کنندگان کی نشت اور عملہ کے لئے ضرورت کے مطابق کشادہ جگہ حاصل ہوگئی۔

۵۔ٹینڈرز (پیش کش کی طلبی)

دوران سال PPRA کے ذریعہ درج ذیل اشیاء/خدمات کی فراہمی کیلئے پیش کش طلب کی گئیں۔

* سالانہ رپورٹ 2015 کا خاکہ اور طباعت
* لیٹر ہیڈ،لفافے،شکایت فارم،عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات اور بینکنگ محتسب کے Mounted Posters کی چھپائی
* سوفٹ ویئر کے سالانہ لائیسنس کی فیس
* لیپ ٹاپ
* راولپنڈی ریجنل آفس کی تزئین وزیبائس
* Oracle Database standard Edition with Standard Support for Production Server (For 25 users)
* کراچی سیکریٹریٹ کے لئے دفتری فرنیچر کی فراہمی



صنعت کاروں کی جانب سے کئے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے بینکنگ محتسب نے اس تجویز سے اتفاق کیا کہ بینکوں کو e-CIB رپورٹ پر اپنے اکاؤنٹ ہولڈر کو اعتماد میں لینا چاہیئے ۔تاہم قانونی تقاضوں کے پیش نظر تاجر اور صنعت کار حضرات کو اس ضمن میں اپنا موقف تحریری طور پر بینکنگ محتسب کے کراچی آفس اور دیگر مجاز اداروں کو روانہ کرے تا کہ اس تجویز پر غور خوض کے بعد کوئی فیصلہ کیا جا سکے۔

iv۔ایوان صنعت وتجارت کراچی کی ذیلی کمیٹی برائے بینک وانشورنس کے اراکین سے ملاقات

جناب عاطف جمیل الرحمان چیئرمین، جناب شیخ دانش اقبال ڈپٹی چیئرمین، سب کمیٹی برائے بینک وانشورنس نے یکم دسمبر 2016 کو بینکنگ محتسب سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا اور اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ ایسی ملاقاتیں مختلف اداروں اور ایوان صنعت وتجارت کے درمیان باہمی رابطہ میں اضافہ ثابت ہوسکتی ہے۔

۳۔افرادی قوت کی کارکردگی میں اضافہ

i۔کوئیک بز(Quck Biz) کے زیر اہتمام Advance Excel 2007, 2010 & 2013 کے بارے میں تربیتی کورس

Quick Biz نے Excel میں مہارت میں اضافہ کے لئے 9 جنوری، 2016 کو ایک کورس ترتیب دیا جو Dash Board سے متعلق تھا۔ بینکنگ محتسب کے دفتر سے جناب ظفر اقبال، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس نے اس کورس میں شرکت کی۔

ii۔ادارہ بینکاران پاکستان کی جانب سے "صارفین سے بہتر برتاؤ" کے بارے میں ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد

ادارہ بینکاران پاکستان نے ایک ورکشاپ کا انعقاد 19 مارچ، 2016 کو کیا جس کا مقصد تھا کہ عالمی طور پر بینکوں کے صارفین کی فلاح کے لئے کیا ہو رہا ہے اور اس ضمن میں بین الاقوامی مارکیٹ میں بینکوں سے کیا توقعات کی جارہی ہیں۔
یہ ورکشاپ محترمہ سندس سلیم صاحبہ، ڈپٹی ڈائریکٹر، کنسیومر پراٹیکشن ڈیپارٹمنٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی نگرانی میں ہوئی۔ بینکنگ محتسب سے شیخ طحہ احمد، اور ستیش اندر جیسرانی، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز نے اس ورک شاپ میں شرکت کی۔

iii۔ادارہ بینکاران پاکستان کراچی میں MS Excel میں ثانوی کورس کا انعقاد

اس کورس کا مقصد شرکاء کی پیشہ ورانہ مہارت میں اضافہ کرنا تھا تا کہ اعداد وشمار کا مستعدی اور کم از کم وقت میں انطامیہ کو پیش کیا جا سکے۔ یہ کورس جناب رحیم ذوالفقار علی جو MS Office کے ماہر اور ماسٹر ٹرینر ہیں کی نگرانی میں منعقد کیا گیا تھا۔ بینکنگ محتسب کے دفتر سے محترمہ عروج شفیع، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ہیومن ریسورس نے اس کورس میں شرکت کی۔

iv) تعارفی/تربیتی پروگرام برائے Investigation Officers

بینکنگ محتسب کراچی میں تعینات Investigation Officers کے لئے ایک تربیتی پروگرام ترتیب دیا گیا۔ جس کے دوران بینکنگ محتسب میں شکایات کے ازالے کا طریقہ کار سے متعلق شرکاء کو آگاہی دی۔ اس پروگرام کے دوران متوازی بینکنگ کے ذریعہ فراڈ، کریڈٹ کارڈ سے متعلق تنازعات (شکایات)، انٹرنٹ بینکنگ اور بینکنگ کے علاوہ دیگر خدمات کی فروخت یعنی کہ Bancassurance اور ATM کارڈ کے مسائل سے متعلق کیس سٹڈیز پیش کی گئیں اور درج بالا بینکنگ پروڈکٹس اور ان کے پس منظر سے شرکاء کو آگاہی دی گئی۔ یہ پروگرام جو ایڈوائزر محمد علی جانگڑہ نے دیگر ایڈوائزر کی معاونت سے ترتیب دیا تھا۔

متفرق سرگرمیاں اور بہتری کے لئے کئے گئے اقدامات

سال 2016 کے آغاز سے بھی بینکنگ محتسب کے عملہ کے اراکین نے نئے جوش اور ولولہ کے ساتھ بینک اور شکایت کنندگان کے تنازعات کو غیر جانبدارانہ طور پر مبنی بر انصاف حل کرانے کا عہد کیا۔ اس ضمن میں گزشتہ چند سال کے تجربات اور حاصل کی گئی تکنیکی مہارت کے اچھے نتائج اس سال کے دوران حاصل ہوئے۔

ماضی کی طرح اس سال کے دوران بھی ممکن کوشش کی گئی کہ شکایت کنندگان کو کم از کم مدت میں ان کی شکایات کا ازالہ / حل انصاف کے ساتھ ان کے دروازہ پر مہیا کیا جائے۔

ا۔ شکایات کا ازالہ

31 دسمبر، 2016 کو ختم ہونے والے سال میں بینکنگ محتسب کو موصول ہونے والی شکایت کا ازالہ اوسطاً 55 دن میں کیا گیا۔ جبکہ یہ مدت گزشتہ سال 53 دن تھی۔ اس اوسطاً مدت میں اضافہ کی وجہ دوران سال موصول ہونے والی شکایات کی کثیر تعداد جو انٹرنیٹ کے ذریعے غیر قانونی طور پر مختلف اکاؤنٹس سے رقم کا دوسرے اکاؤنٹس میں منتقل کرانے سے متعلق تھیں۔ چونکہ ایسی شکایات دقیق مسائل کی حامل ہیں اور اس کے اسباب، طریقہ کار سے متعلق تمام امور نہایت تکنیکی تحقیقات کے متقاضی ہوتے ہیں۔ اس لئے اس بارے میں نتائج اخز کرنے میں تاخیر ہوتی ہے۔ تاہم 55 دن کی یہ مدت فیڈرل اومبڈسمین انسٹی ٹیوشنل رفارمس ایکٹ میں دی گئی 60 دن کی معیاد سے کم ہے۔

۲۔ بینکنگ محتسب کا ایوان صنعت وتجارت کا دورہ

i۔ وفاقی ایوان صنعت وتجارت کراچی (FPCCI)

بینکنگ محتسب جناب انیس الحسنین نے، وفاقی محتسب جناب سلمان فاروقی، وفاقی محتسب برائے ٹیکس، عبدالرؤف چوہدری، وفاقی محتسب برائے تحفظ کار کن خواتین جسٹس (ریٹائرڈ) محترمہ یاسمین عباسی صاحبہ اور صوبائی محتسب سید پیر علی شاہ کے ہمراہ مورخہ 3 فروری، 2016 کو وفاقی ایوان صنعت وتجارت (FPCCI) کا دورہ کیا اور عبدالرؤف عالم، سینئر نائب صدر، دیگر صدر اور موقع پر موجود دیگر ممبران سے ملاقات فرمائی۔

ii۔ کراچی ایوانِ تجارت صنعت (KCCI)

وفاقی محتسب جناب سلمان فاروقی، وفاقی محتسب برائے ٹیکس جناب عبدلرؤف چوہدری، بینکنگ محتسب جناب انیس الحسنین، وفاقی محتسب برائے تحفظ کارکن خواتین جسٹس (ریٹائرڈ) محترمہ یاسمین عباسی نے ایوان تجارت، صنعت کراچی میں ایک مشترکہ میٹنگ میں شرکت فرمائی۔

میٹنگ میں مختلف محتسب اداروں کے کردار زیرِ غور رہے اور یہ بات تسلیم کی گئی کہ محتسب کے ادارے پاکستان کے غریب شہری کے لئے قائم کئے گئے ایسے ادارے ہیں جس میں مسائل کے جلد حل کے ساتھ ساتھ شکایت کنندہ کو بغیر کوئی فیس ادا کئے انصاف کی فراہمی ہوتی ہے۔

iii۔ ملتان ایوان صنعت وتجارت

بینکنگ محتسب جناب انیس الحسنین نے 8 مارچ، 2016 کو ایوان صنعت وتجارت ملتان کا دورہ کیا۔ تاجروں اور صنعت کاروں سے خطاب کرتے ہوئے بینکنگ محتسب نے فرمایا کہ بینکنگ محتسب کا ادارہ بینکوں کے خلاف شکایات کے ازالہ میں ہمہ تن مصروف ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ہر سال 6000-5000 شکایات موصول ہوئی ہیں۔ موصول ہونے والی شکایت کے حل کے لئے کوئی فیس نہیں لی جاتی ہے۔

آپ نے فرمایا کہ بینکنگ محتسب کے جاری کردہ احکامات میں سے 98% پر بلا تاخیر عمل درآمد ہو جاتا ہے۔

"صارفین پروڈکٹس" کے ذیل میں جو شکایات موصول ہوئیں ان کو مزید زیلی درجوں میں تقسیم کیا گیا جیسا کہ ذیل کی جدول میں دکھایا گیا ہے۔

صارفین پروڈکٹس (ذیلی درجہ بندیاں)

نمبر شمار	درجہ بندیاں	2016	2015
1	کریڈٹ کارڈز	684	554
2	صارفین کے قرضے	349	271
3	گاڑیوں کے قرضے	222	163
	میزان	**1255**	**988**

تصفیہ شکایات بلحاظ مدّت

دنوں کی تعداد	شکایات کی تعداد	%
ایک سے 30 دن	480	32
30 تا 60 دن	321	22
60 تا 90 دن	217	15
90 دن سے زائد	314	21
زیرکار	141	10
میزان	**1473**	**100**

آنے والی اور جانے والی ڈاک

گزشتہ سال سے مقابلہ کرتے ہوئے معلوم ہوتا ہے کہ کام کا بوجھ زیرِ رواں سال میں بہت بڑھ گیا ہے جیسا کہ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے۔ آنے والی شکایات کا حجم بڑھنے کے ساتھ ساتھ ہماری بینکوں اور صارفین سے خط و کتابت کے حجم میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

سال	2016	2015
آنے والی ڈاک	15,440	10,945
جانے والی ڈاک	13,670	11,905
میزان	**29,110**	**22,850**

ریویو کی درخواستیں اور صدر کو بھیجی جانے والی درخواستیں

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے محتسب کو قانون XIV کی دفعہ 13 کے تحت اپنے فیصلے پر نظر ثانی کا اختیار ہے۔ علاوہ ازیں قانون کی دفعہ 14 یہ سہولت فراہم کرتی ہے کہ محتسب کے فیصلے، حکم، تشخیص، یا سفارشات بعد بھی 30 دن کے اندر اندر صدر مملکت کو درخواست پیش کی جا سکتی ہے۔

زیرِ تبصرہ سال کے اند 1271 باضابطہ شکایتوں کا تصفیہ ہوا جن کے خلاف 111 درخواستیں صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کو کی گئیں۔

31 دسمبر، 2016 تک اتھمقد مات یا معاملات بینکنگ محتسب کو ریویو یا نظر ثانی کی درخواستیں داخل کی گئیں۔ جن میں سے چار کو خارج کر دیا گیا اور تین درخواست کو قبول کر لیا گیا۔

وصول ہونے والی شکایات کی نوعیت

ذیل کے جدول میں 2016 اور 2015 کے درمیان مجموعی (باضابطہ اور بے ضابطہ) شکایات کا تقابلی تقشہ پیش کیا گیا ہے۔ شکایات کی مختلف شعبوں میں درجہ بندی کی گئی ہے۔

شکایات کی تعداد

نمبر شمار	درجہ بندیاں	2016	2015
1	ملازمت کی نااہلیت، تاخیر، دیگر	3142	1297
2	اے ٹی ایمس	1458	1384
3	صارفین کی پراڈکٹس	1255	988
4	پیشگیات / قرضے اور ڈیپازٹس	804	627
5	فراڈ	700	507
6	بیمہ	351	173
7	ڈیوٹی میں شدید غفلت	294	92
8	تفزن / دیگر	197	652
9	ملازمت کے ضابطے / قوائد	169	132
10	انٹرنٹ بینکنگ*	134	-
11	مفاد عامہ کے بلز	96	87
12	غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹ	55	10
13	زکواۃ سے متعلق	41	28
14	گم شدہ چیکس	32	12
15	لاکرز	22	23
16	اعتماد شکنی	11	10
17	کرپشن یا بدنیتی سے عمل	8	61
18	برآمدگان / درآمدگان	7	3
19	متفرقات	4	3
	میزان	**8780**	**6089**

انٹرنٹ بینکنگ کے معاملات کی 2016 میں نئی درجہ بندی کی گئی ہے۔ اس سے پہلے اسے فراڈ میں شمار کیا جاتا تھا۔

شکایات کو مسترد کرنے کی وجوہات

مسترد شدہ شکایات وہ شکایات ہیں جو بینکنگ محتسب کے اس ضابطے اور قوانین میں نہیں آتی جو بینکنگ کمپنیز آرڈیننس کے تحت اس ادارے کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ اس لئے ایسی شکایات مسترد کر دی جاتی ہیں۔ جیسے کے اوپر دی گئی 54 شکایات جو کُل باضابطہ شکایات کا 4 فی صد ہیں۔ یہ وہ شکایات ہیں جو 2016 میں مسترد کی گئیں تھیں۔

ذیل کی جدول 2016 میں موصول شکایات کی استرداد کی نوعیت کا اظہار کرتی ہیں۔

شکایات کو مسترد کرنے کی وجوہ	2016	2015
شکایات جن پر متعلقہ عدالت نے پہلے ہی فیصلہ جاری کر دیا ہو	3	0
معمولی یا بلا جواز	6	9
قرضوں/مارک اپ/سود کی معافی کی خواہش	5	6
قانونی ضابطہ کی کاروائی کی تکمیل نہ ہونا	2	0
شکایات کسی کمرشل بینک کے خلاف نہ ہو	10	2
دیگر	10	3
عدالت یا اسٹیٹ آف پاکستان کے روبرو زیر سماعت	3	1
بینکوں کی پالیسی سے متعلق معاملات	9	5
قرضوں کے اجراء کی درخواست	4	0
قرض کی اقساط کی تبدیلی	2	0
میزان	**54**	**26**

سال	سماعت کی تعداد
2016	439
2015	396

باضابطہ سماعت کا ماہانہ اندراج

مہینہ	2016	2015	مہینہ	2016	2015	مہینہ	2016	2015
جنوری	116	90	مئی	112	120	ستمبر	96	114
فروری	122	92	جون	91	96	اکتوبر	111	111
مارچ	118	80	جولائی	65	84	نومبر	121	112
اپریل	109	89	اگست	109	105	دسمبر	83	124
						میزان	**1253**	**1217**

شکایات کا آخری مرحلہ

ذیل کی جدول 2016 میں موصول شکایات کی استرداد کی نوعیت کا اظہار کرتی ہے۔

کیفیت	**2016**	**2015**
منظور شدہ	614	636
انکار شدہ	444	335
مسترد	54	26
باقی	141	220
میزان	**1253**	**1217**

سال	طے ہونے والی مجموعی باضابطہ شکایات	مصالحت سے طے ہونے والی شکایات	احکامات جاری
2005(۸ماہ)	225	223	2
2006	665	613	52
2007	772	709	63
2008	337	290	47
2009 (i)	1776	1714	62
2010	916	822	94
2011	823	684	139
2012 (ii)	327	301	26
2013	1637	1514	123
2014	904	783	121
2015	1115	910	205
2016	1271	1020	251
میزان	**10768**	**9583**	**1185**

(i) بینکنگ محتسب کا دفتر 2 مئی، 2008 سے یکم مئی 2009 تک خالی رہا۔

(ii) بینکنگ محتسب کا دفتر 2 مئی، 2012 سے 17 مارچ، 2013 تک خالی رہا۔

خلاصہ۔ 2016 میں شکایات کی کیفیت

یکم جنوری 2016 کو غیر حل شدہ باضابطہ شکایات کی تعداد 220 تھی۔ جبکہ سال کے دوران (باضابطہ) نئی 1253 شکایات موصول ہوئیں۔ ان 1473 شکایات میں سے 1020 شکایات باہمی مصالحت سے طے کرادی گئی۔ 251 میں حکم جاری کیا گیا۔ 61 شکایات کو اس لئے مسترد کر دیا گیا کہ وہ ہمارے قانونی دائرے سے باہر تھیں۔ اس طرح 31 دسمبر، 2016 کو زیر تفیہ باضابطہ شکایات کی تعداد 141 رہی۔ اس صورت کو ذیل کی جدول سے دکھایا گیا ہے۔

یکم جنوری 2016 کو غیر حل شدہ شکایات	220	مخلصانہ طور پر مصالحت سے طے ہوئیں	1020
نئی شکایات جو موصول ہوئیں	1253	مسترد شکایات	61
میزان	**1473**	میزان	**1332**
حکم جاری کیا گیا	251	**31** دسمبر **2016** کو بدست شکایات	**141**

کراچی	217	
سندھ (کراچی کے علاوہ)	111	
بلوچستان		18
خیبر پختونخواہ		54
آزاد کشمیر		10
گلگت بلتستان		2
میزان		1253

پنجاب شمالی اور وسطی

اٹک، بھکر، چکوال، چنیوٹ، فیصل آباد، گوجرہ، گجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد، اسلام آباد، جھنگ، جہلم، قصور، خوشاب، منڈی بہاؤالدین، میانوالی، مری، ننکانہ صاحب، نارووال، اوکاڑہ، پاکپتن، راولپنڈی، ساہیوال، سرگودھا، شیخوپورہ، سیالکوٹ، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

پنجاب جنوبی

بہاولنگر، بہاولپور، چشتیاں، ڈیرہ غازی خان، خانیوال، لیّہ، لودھراں، مظفرگڑھ، رحیم یار خان، ملتان، راجن پور، وہاڑی

ذیل کی جدول ملک میں تجارتی بینکوں کی شاخوں کی تفصیل ظاہر کرتا ہے۔

سال: **2016**

صوبہ / علاقہ	شاخوں کی تعداد	فی صد
پنجاب	7467	56
سندھ	3379	26
خیبر پختونخواہ	1377	10
بلوچستان	458	3
آزاد کشمیر	477	4
گلگت بلتستان	85	1
میزان	13243	

طے شدہ شکایات

ذیل پر وہ جدول دی گئی ہے جس میں طے ہو جانے والی شکایات کی سالانہ مجموعی تقابلی تعداد پیش کی گئی ہے۔ جس کا تصفیہ مصالحت سے اس ادارے کی توسط سے ہوا اور حکم جاری کیا گیا۔

گزشتہ سال میں باضابطہ شکایات وصول ہونے کی تعداد 1253 تھی جو 104 ماہانہ شکایتوں کا اوسط رہا جبکہ 2015 میں باضابطہ شکایتوں کی تعداد 1217 تھی جس سے 101 ماہانہ اوسط کا اظہار ہوتا ہے۔

ذیل میں باضابطہ اور بے ضابطہ شکایتوں کی وصولی کا تقابل دیا ہے جو 2005 سے شروع ہوتا ہے جب بینکنگ محتسب پاکستان (بی ایم پی) کے دفتر نے کام شروع کیا تھا۔

سال	باضابطہ شکایت	بے ضابطہ شکایات	میزان
2005(۸ماہ)	594	250	844
2006	1005	900	1905
2007	1580	2029	3609
2008	1390	2544	3934
2009	1608	1615	3223
2010	1047	2138	3185
2011	896	2726	3622
2012	972	3026	3998
2013	1091	3147	4238
2014	937	3569	4506
2015	1217	4874	6091
2016	1253	7527	8780

2016 میں مشترکہ باضابطہ اور بے ضابطہ موصول ہونے والی شکایتوں کی تعداد 8780 تھی جو 2015 کی تعداد پر 44 فی صد اضافہ تھا۔

باضابطہ شکایات کی علاقہ وار تقسیم۔2016

بینکنگ محتسب پاکستان کا دفتر ان تمام بینکوں کے خلاف جو پاکستان میں بینکاری کرتے ہیں شکایات وصول کرتا ہے۔ ذیل کی جدول میں جغرافیائی طور پر علاقہ وار اعداد دیئے گئے ہیں۔

علاقہ		شکایات کی تعداد
پنجاب		841
پنجاب (شمالی/وسطی)	496	
پنجاب (جنوبی)	109	
لاہور	236	
سندھ		328

شکایتوں کی مجموعی تعداد

ہم دو مختلف قسم کی شکایات وصول کرتے ہیں۔

(i) **غیر رسمی شکایات:** یہ وہ شکایات ہیں جو آرڈیننس 1962 کی قانونی ہدایت کے طریقہ کار کو پورے کئے جانے کے بغیر وصول ہوتی ہے۔ غیر رسمی شکایت کی وصولی پر شکایت کنندہ کو کاروائی کے طریقے سے آگاہ کیا جاتا ہے۔ اور جہاں ضرورت ہو وہاں بینکوں سے استدعا کی جاتی ہے کہ معاملہ مصالحت سے طے کرلیں۔ 2016 میں ایسی شکایات کی تعداد 7527 تک پہنچ گئی، جن میں سے 7136 شکایات پر مناسب توجہ دی گئی اور 31 دسمبر، 2016 تک نمٹادی گئیں۔ مقابلتاً 2015 میں غیر رسمی شکایات کی تعداد 4874 تھی۔

غیر رسمی شکایات کی مزید تقسیم ذیل میں دی گئی ہے۔

متفرق شکایات

* تحریری شکایات پیش کی گئیں، لیکن کوئی قانونی کاروائی مکمل نہیں کی گئی	2917
* اسٹیٹ بینک کی معرفت موصول ہونے والی شکایات	1751
متفرق شکایات کی کل تعداد	**4668**
* ادارے کے افسروں کی جانب سے زبانی غیر رسمی خدمات فراہم کی گئیں	367
* ای میل سے وصول ہونے والی شکایات	2492
غیر رسمی شکائیتوں کی کل تعداد	**7527**

2016 میں غیر رسمی شکایات کی وصولی کا ماہانا اوسط 627 تھا۔ یہ 54 فی صد اضافے کو ظاہر کرتی ہے جو 2015 میں 406 شکایات پر مبنی تھا۔

غیر رسمی شکایات کو نمٹانے والی کیفیت

وہ شکایات جو تحریر میں داخل کی گئیں لیکن کوئی قانونی کاروائی مکمل نہیں کی گئی اور وہ شکایات جو اسٹیٹ بینک کی معرفت موصول ہوئی ان کو متفرق کے ذیل میں رکھا گیا۔ سال بھر کے دوران 4668 شکایتوں کو متفرق ذیل میں رکھا گیا اور حسب ذیل طریقے سے نمٹایا گیا۔

منظور کی گئیں	348
مسترد کی گئیں	1995
قبول نہیں کی گئیں	1194
غیر رسمی شکایات میں منتقل کردی گئیں	740
باقیات	391

(تلافی کی جس رقم کا شکایت کنندہ نے دعوی کیا تھا وہ 9.5 ملین روپے تھی جو مصالحت کے ذریعے ان کو دلوائی گئی)۔

(جو شکایات ای میل سے وصول ہوں یا چلتے پھرتے شکایت کنندہ سے ان کو مختتم سمجھا جاتا ہے جبکہ شکایتی کو جواب فراہم کردیا جاتا ہے)۔

(ii) **باضابطہ شکایات:**

یہ وہ شکایات ہیں جو تحریر میں ان قانونی شرائط کی تعمیل کے بعد جو بی سی او کے باب چہارم میں تحریر کی گئی ہیں (یعنی شکایت کے مجوزہ فارم کا استعمال اور اوتھ کمیشنر سے باقاعدہ تصدیق اور قبل ازاں بینک کو ارزی نوٹس دیا جاچکا ہو۔)

الف: عارضی حکم امتناعی جاری کرنا

ب: سفارشات، احکامات اور فیصلوں کی تکمیل

محتسب کسی بھی شکایت پر دوسرے فریق کے خلاف حکم امتناعی جاری کرسکتا ہے لیکن اس حکم کی مدت 60 دن سے زائد نہیں ہوسکتی۔ محتسب کو تحقیر عدالت کے قانون کے تحت سول کورٹ کے اختیارات بھی حاصل ہیں۔

۴۔ بین الاقوامی محتسبوں کے اداروں سے تقابل

بینکنگ محتسب کے دفاتر کے یکساں معیار اور ہم آہنگی، اس کی آزادی، عدالتی ہدایات اور اختیارات، ساتھ ہی ساتھ محتسب کے تقرر اور علحیدگی کی شرائط، اور اس کے اخراجات کو پورا کرنے کے وسائل کی فراہمی وہ عام معیارات ہیں جو بین الاقوامی محتسب ایسوسی ایشن کی رکنیت کے لئے ضروری ہیں۔ دیگر بین الاقوامی محتسب ادارے کی طرح بینکنگ محتسب اب علاقائی اور بین الاقوامی سطح دونوں مقامات پر محرک اور موثر کردار ادا کر رہا ہے۔ یہ سہولتیں، اشتراک عمل، معلومات کا تبادلے، تجربے کی شراکت، اور بین الاقوامی محتسبوں کے بہترین طریقے کو اخذ کرنے سے ہی ممکن ہوئی ہیں۔

۵۔ ریویو/ نظر ثانی اور نمائندگی

قانون XIV آف 2013 شق 13 کے تحت محتسب کو ذیل کے لئے ریویو کا اختیار ہے۔

(۱) محتسب کو کسی نتیجے، سفارشات، احکام، یا فیصلے کی اس درخواست پر جو شاکی فریق کی طرف سے موصول ہوئی ہو نظر ثانی کرنا ہوگی۔ یہ نتیجے سفارش، حکم کے 30 دن کے اندر موصول ہونا چاہیئے۔

(۲) محتسب کو ریویو کی درخواست پر فیصلہ 40 دن کے اندر کرنا ہوگا۔

(۳) محتسب ریویو میں، سفارش، حکم یا فیصلے میں تبدیلی، ترمیم، جزوی اصلاح یا سفارش، حکم اور فیصلے کو منسوخ بھی کرسکتا ہے۔

قانون XIV آف 2013 شق 14 کے تحت جو نمائندگی صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کو پیش کی جائے وہ درج ذیل شرائط پر مبنی ہو:

(۱) کوئی فرد یا فریق جو کسی فیصلے، حکم، نتیجے یا محتسب کی سفارشات اور احکامات سے شاکی ہو وہ ان فیصلوں، احکامات پر جاری ہونے کے 30 دن کے اندر صدر مملکت کو درخواست بھیج سکتا ہے۔

(۲) اگر ذیلی شق (1) کے تحت درخواست پیش کی گئی ہو تو نتیجے، فیصلے، حکم یا سفارشات کا حکم 60 دن تک التوا میں رہے گا۔

(۳) درخواست کسی وزارت، ڈیویژن یا محکمے کے توسط سے نہیں بھیجی جائے گی بلکہ براہ راست صدرِ مملکت کے نام ہوگی۔

(۴) صدر کے دفتر میں درخواست پر کاروائی کسی ایسے عہدہ دار سے کرائی جائے گی جو عدالت عظمے کا جج رہا ہو یا اس کی اہلیت رکھتا ہو یا وفاقی محتسب یا فیڈرل ٹیکس محتسب رہا ہو۔

(۵) صدرِ مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو کی جانے والی درخواستوں کا فیصلہ 90 دنوں میں متوقع ہوتا ہے۔

۶۔ رازداری

بینکنگ محتسب بینکاری کے رازداری کے اصول پر سختی سے عمل کرتا ہے۔ اس لئے جو بیانات لئے جاتے ہیں اور فریقین سے جو دستاویز انکی شکایت کی پیروی یا دفاع کے لئے لیجاتی ہیں اور اس کے علاوہ اس سلسلے میں کی جانے والی کاروائی خفیہ رکھی جاتی ہے۔

* بینکنگ کی خدمات کے سلسلے میں برآمد کندگان اور درآمد کندگان کی شکایات اور اعتبار نامے (ایل سی) کی ذمہ داریاں
* غیر ملکی کرنسی کے اکاؤنٹس ہولڈرز کی شکایات، خواہ اکاؤنٹ مقامی افراد کا ہو یا غیر مقامیوں کا
* ترسیلات زر کے متعلق شکایات خواہ اندرون ملک ہو یا بیرونِ ملک
* سود یا مارک اپ کی شرعوں کے متعلق اس بناء پر شکایت ہو کہ یا تو اسٹیٹ بینک کے کسی حکم نامے کی خلاف ورزی ہو یا باہمی معاہدے کی
* یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی کے سلسلے میں کوئی شکایت۔

جہاں تک ان بینکوں کا تعلق ہے جو سرکاری شعبے می واقع ہیں وہاں بینکنگ محتسب کو مجاز کیا گیا ہے کہ وہ ان بینکوں کے خلاف درج ذیل کی وجوہات پر کاروائی کرسکتا ہے۔

* بینک افسروں کی کرپشن یا بدنیتی
* صارفین سے معاملات کرتے ہوئے فرائض میں غفلت
* معاملات حل کرنے میں غیر معمولی تاخیر

بہرحال بینکنگ محتسب بینک کی پالیسیوں کے متعلق کوئی شکایت وصول نہیں کرسکتا۔ مثال کے طور پر ذیل کے امور بینکنگ محتسب کے دائرہ اختیار سے باہر ہیں:

* شکایات کنندہ کے قرضے یا مالی رقم دینے کی ہدایت نہیں کرسکتا۔
* بینک کے قرضوں، مارک اپ پالیسی، یا رسک پالیسی یا مختلف خدمات سے متعلق وہ چارجز جو اس کے چارجز کے شیڈول میں درج ہیں یا کسی پالیسی میں درج ہوں ان کے خلاف شکایات قبول نہیں کرسکتا۔
* بینک کے ملازمین کی شکایات، یا سابق ملازمین کی ملازمت کے شرائط وضوابط بھی بینکنگ محتسب کے دائرہ اختیار سے باہر ہیں۔

2013 کے قانون نمبر 14 کے شق 18 کے تحت بینکنگ محتسب کو ان تمام امور پر بلاشراکت اختیار حاصل ہے جو اس کے قانونی دائرے میں آتے ہیں۔

بینکنگ محتسب کے ادارے کا مقتدر ہونا

2013 کے قانون نمبر 14 نے وفاقی محتسب کے وسوخ میں عوام کو جلد اور بلا اخراجات، سہولت پہنچا کر صارفین کی بہتر خدمات کو فروغ دیا۔ ذیل کی معیاری، اداراتی اصلاحات سے بینکنگ محتسب کے اختیارات میں اضافہ کیا گیا ہے۔

۱۔ مالی اور انتظامی خودمختاری

محتسب کے مندرجہ بالا قانون کی دفعہ 17 کے مطابق بینکنگ محتسب کو دفتر کے چیف ایگزیکٹو اور پرنسپل اکاؤنٹ آفسر کی حیثیت سے مکمل انتظامی، مالی خود مختاری حاصل ہے اور محتسب کے دفتر کے مکمل اخراجات وفاقی بجٹ کے اندر "فیڈرل کنسولیڈیٹڈ فنڈ" کی دی ہوئی مد کے مطابق ہونگے۔

۲۔ محتسب کے اداروں میں یکساں معیار کا قائم کرنا

2013 کا قانون ان قوانین پر جو فی الوقت رائج ہیں اور پاکستان میں وفاقی محتسبوں کے اداروں میں روبہ عمل ہیں، یکساں معیار کا تعین کرتا ہے۔

۳۔ سول کورٹ کے اختیارات

ان اختیارات کے ماورا جو موجودہ قوانین کے تحت حاصل ہیں۔ تمام وفاقی محتسبوں کو از روئے 2013 کے قانون نمبر 14 کے تحت سول کورٹ کے ذیل کے اختیارات تفویض کئے گئے ہیں۔

ہمارا قانونی کردار

بینکنگ محتسب کا ادارہ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 (بی سی او) اور فیڈرل اومبڈسمین انسٹی ٹیوشنل رفارمز ایکٹ 2013 کے تحت صارفین اور تجارتی بینکوں کے درمیان بشمول بینکوں کے درمیان تنازعات میں مدد فراہم کرنے کے لئے قائم کیا گیا ہے تاکہ بینکوں کے درمیان عادلانہ، معقول، مخلصانہ اور غیر رسمی انداز میں مگر قانون کے اندر رہتے ہوئے صارفین کی شکایات کا ازالہ کیا جاسکے۔

سربراہی قوانین جن کے تحت بینکنگ محتسب خدمت انجام دے رہا ہے۔ اس امر کا بھی تعین کرتے ہیں کہ بینکنگ محتسب کو آزاد، غیر جانب دار اور انتظامی اور مالیاتی طور پر خود مختار ہونا چاہیئے۔

تنازع کے دونوں فریقوں کو بینکنگ محتسب کی خدمات بلا کسی معاوضے کے حاصل ہیں۔ فریقین یا شکایت کنندگان کے لئے یہ لازمی نہیں ہے کہ وہ ان نتائج کو تسلیم کریں جو ہم نے اخذ کئے ہیں۔ تنازعہ کے دونوں فریق آزاد ہیں کہ اگر وہ ہمارے نتائج سے مطمئن نہیں تو وہ صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کی خدمت میں ہمارے فیصلے کے خلاف درخواست دے سکتے ہیں تاہم اگر وہ بینکنگ محتسب کا فیصلہ تسلیم کر لیتے ہیں تو پارٹیوں کو اس پر پابند ہونا پڑے گا۔

ہماری خدمات بینکاری کے خفیہ قواعد کے تابع ہیں۔ ہم نہ بینکوں کے نام یا ان کے گاہکوں کے نام جن کی شکایت کو ہم سنتے ہیں کسی پر ظاہر نہیں کرتے۔ ہم نہ تو بینک کے کاروبار کے قوائد بناتے ہیں اور نہ ہی ہم ان پر کسی قسم کا جرمانہ عائد کرتے ہیں۔ اگر وہ قوائد کو چھپائیں یا ان کی حدود سے تجاوز کریں۔ تو ہم اسکی بابت بینک دولت پاکستان کی توجہ مبذول کراتے ہیں تاکہ وہ اس سلسلے میں میں انضباتی کاروائی کر سکے۔

قانونی نظام

بینکنگ محتسب کا دفتر ایک آزاد ادارے کے طور پر، بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 کے جز چہارم-اے کے تحت 2005 میں قائیم کیا گیا تاکہ تجارتی بینکوں کے خلاف صارفین کے شکوے شکایات کا ازالہ کیا جائے اور خود بینکوں کے درمیان متنازعات کا بھی۔ بعد میں پارلیمنٹ کا ایک قانون موسودہ دی فیڈرل اومبڈسمین انسٹی ٹیوشنل رفارمز ایکٹ 2013 (ایکٹ 14 آف 2013) مارچ 2013 میں تافذ ہوا۔ اس کی دفعات کا اثر یہ ہوا کہ رائج الوقت قانون میں جو دفعات اس بارے میں تضاد میں تھیں وہ منسوخ ہوگئیں بلکہ جو تضاد دوسرے قوانین میں تھا وہ بھی منسوخ ہوگیا۔ اور محتسب کو اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرنے کا بھی حق عطا ہوگیا۔

دونوں قوانین بینکنگ کمپنیز آرڈیننس اور فیڈرل اومبڈسمین انسٹی ٹیوشنل رفارمز ایکٹ بینکنگ محتسب کے ادارے کو منظم کرتے ہیں۔

قانونی اختیارات کی حدود

مالیاتی شعبے میں بینکنگ محتسب کا کردار تنازعات کا حل ایسے طریقے کو اختیار کرنا ہے جو زیادہ تر مصالحتی ہے اور جہاں یہ ثالثی ناکام ہوجائے تو وہاں صلح صفائی کے لئے تنازع طے کرنے کی خاطر احکامات جاری کئے جائیں۔ بینکنگ محتسب کو ان تمام تجارتی بینکوں کی (جو پاکستان میں بینکاری کر رہے ہیں) حسبِ ذیل نوعیت کی شکایات پر غور کرنے کا مجاز کیا گیا۔

* بینکنگ کے قواعد اور ضابطوں پر عمل درآمد میں ناکامی، اس میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے ہدایت نامے اور اصول شامل ہیں۔
* ادائیگی، یا چیکوں، ڈرافٹوں یا بینکنگ کی دوسری دستاویزات یا فنڈز کی منتقلیوں میں تاخیر یا فریب
* فریب کارانہ یا غیر مصدقہ رقم نکالنا یا اکاؤنٹ میں سے قرض کی رقم منہا کرنا

ازطرف بینکنگ محتسب



مجھے بینکنگ محتسب پاکستان کے ادارے کے بارے میں سالانہ رپورٹ برائے 2016 پیش کرتے ہوئے بے انتہا مسرت محسوس ہورہی ہے۔ 2005 میں قائم ہونے والے اس ادارہ نے اب تک پیشہ ورانہ معیار اور کارکردگی میں مسلسل بہتری دکھاتے ہوئے ہزار ہا شکایت کنندگان کو بلا تاخیر اور مفت خدمات فراہم کی ہیں۔ یہ ادارہ بنیادی طور پر شکایات کو حل کرنے کیلئے نہایت آسان طریقہ کار اور دوستانہ ماحول میں کام کرتا ہے۔

Federal Ombudsman Institutional Reform Act 2013 کے نفاذ کا بنیادی مقصد محتسبین کے تمام اداروں میں پیشہ ورانہ ہم آہنگی اور شکایت کنندگان کو جلد از جلد انصاف فراہم کرنا ہے۔ بینکنگ محتسب کے ادارہ نے اس مقصد کے حصول کیلئے اپنی افرادی قوت میں اضافہ کے ساتھ ساتھ ان کی پیشہ ورانہ استعداد میں بہتری کیلئے بہت سارے اقدامات کئے۔ جس میں خاص طور سے اسٹاف کی تربیت کا اہتمام کیا گیا تا کہ یہ ادارہ غیر جانبدارانہ اور شفاف طریقہ سے شکایت کنندگان کی مدد کر سکے۔ افرادی قوتِ استعداد میں اضافے اور بہتری کے ساتھ خاص طور سے دورِ حاضر میں ہونے والی ٹیکنالوجی کے حصول اور بہتر استعمال کی صلاحیتوں سے مالا مال یہ ادارہ اس وقت بینکنگ کے شعبہ سے متعلق تمام تر شکایات بخوبی سمجھنے، پرکھنے اور جانچنے کی اہلیت کے ساتھ ساتھ شفاف طور پر فیصلہ کرنے کی استعداد سے بھرپور ہے۔

سال بہ سال موصول ہونے والی شکایتوں میں اضافہ اور خاص طور پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے موصول ہونے والی عوامی شکایتوں میں بڑھتی ہوئی تعداد بینکنگ محتسب کے ادارہ کی عمدہ کارکردگی اور اس ادارہ پر اعتماد کا اظہار کرتی ہے۔ سال 2016 کی رپورٹ اور اس میں دیئے گئے اعداد و شمار اس ادارہ پر کئے جانے والے اعتماد کا مظہر ہے۔ مجھے فخر ہے کہ میں ایک ایسے ادارہ کی سربراہی کر رہا ہوں جو لوگوں کو اُن کی دہلیز پر بغیر کسی معاوضے کے اُن کی مشکلات اور پریشانیوں کا حل فراہم کرتا ہے۔

یہاں اس بات کا ذکر بھی از حد ضروری ہے کہ بعض مرتبہ شکایات کے حل میں تاخیر کا سبب بینکوں میں تحقیقات / منظوری کے مختلف مراحل میں غیر ضروری تاخیری طریقہ کار ہے جس کے سبب بینکنگ محتسب کے ادارے کو حتمی فیصلہ کرنے میں کچھ دیر ہو جاتی ہے اور شکایت کنندگان کی بروقت دادرسی نہیں ہو سکتی۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ ہمارے ادارے کے مبنی بر انصاف طریقہ کار کے تحت جاری کردہ چند احکامات جن کی حقانیت کی صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان نے بھی توثیق کر دی ہو کے معاملے میں متعلقہ بینک مزید قانونی کارروائی کیلئے اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کر لیتے ہیں جس سے صارفین (شکایت کنندگان) کی شکایات کی دادرسی میں تاخیر ہو جاتی ہے۔

تاہم مجھے یقین ہے کہ مستعد اسٹاف کی انتھک محنت کے باعث یہ ادارہ اپنے قیام کے مقصد کے حصول کیلئے مزید ترقی کرے گا اور آنے والے سالوں میں بینکوں کے متاثرہ صارفین کی جائز شکایات کا ازالہ کم از کم وقت میں کر سکے گا۔

انیس الحسنین

بینکنگ محتسب پاکستان

فہرست

ازطرف بینکنگ محتسب 1

ہمارا قانونی کردار 2

شکایتوں کی مجموعی تعداد 5

باضابطہ شکایات کی علاقے واری تقسیم 6

طے شدہ شکایات 7

شکایات کا آخری مرحلہ 9

شکایات کو مسترد کرنے کی وجوہات 10

وصول ہونے والی شکایات کی نوعیت 11

متفرق سرگرمیاں اور بہتری کیلئے کئے گئے اقدامات 13

مسائل جن کی نشاندہی 2016 میں کی گئی 16

چند چیدہ شکایتوں کی نظیر (کیس سٹڈیز) 19

d

ہمارا مطمع نظر (مقصد)

جملہ متنازعات کو ضابطے کی رسمی اور مخاصمانہ کاروائی کے بجائے غیر رسمی اور باہمی رضامندی سے طے کرنا۔ ہم کسی پارٹی کی طرف داری نہیں کرتے۔

تنظیم کا ادعا (دعوی)

یہ ادارہ ایک آزاد قانونی ادارہ کی طرح قائم کیا گیا ہے۔ تاکہ بینکوں اور صارفین کے درمیان ہونے والے تنازعوں کو طے کرے۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ان تمام تنازعات کو جو ہمیں بھیجے جائیں ان کا بلا کسی لاگت کے اور بلا تاخیر کے ایسا حل تلاش کیا جائے جو غیر جانب دارانہ، شفاف اور جملہ فریقین کے لئے منصفانہ ہو۔

بنیادی اقدار/اصول

ہم ایک مربوط ٹیم کی طرح کام کرتے ہیں۔ انفرادی فیصلہ سازی کی اجتماعی ذمہ داری قبول کرتے ہیں اور بنیادی اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے۔ ہم اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ ان اصولوں کو اپنا کر اور ان پر عمل کر کے ہم اپنی پیشہ وارانہ اور نجی زندگیوں میں بہتری لا سکتے ہیں۔

ذمہ داری:

روزانہ تنازعوں کی ایک کثیر تعداد وصول کی جاتی ہے اور ہم عملی طور پر ایک ایسا معقول انداز اختیار کرتے ہیں جس کا نتیجہ شفاف اور مخلصانہ صورت میں ظاہر ہوتا ہے جو غیر رسمی اور فوری ہوتا ہے۔

ہمدردانہ:

متنازعات خواہ کتنے ہی معمولی کیوں نہ ہوں، غیر ضروری تکلیف اور ذہنی دباؤ کا باعث ہوتے ہیں۔ ہم کھلے ذہن سے ہر تنازعے کا تجزیہ کرتے ہیں اور اگر ضروری محسوس کرتے ہیں تو متعلقہ فریقین کی بات تحمل اور ہمدردی سے سن کر تنازعہ کا عملی اور عدل پر مبنی حل تلاش کرتے ہیں۔

لچک داری:

ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ مبشتر تنازعات کو دوستانہ اور مخلصانہ انداز سے طے کیا جا سکتا ہے۔ ہم تنازعہ کی کاروائی میں سختی سے حکم نہیں چلاتے بلکہ اس کے بجائے ایسا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں جہاں تمام فریقین کو معقولیت اور مصالحت کی راہ اپنانے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

قابل اعتبار:

ہم ان تمام شکایات کنندگان کا احترام کرتے ہیں اور ان سے اخلاق سے اور منصفانہ طور پر ملتے ہیں۔ کیونکہ اسی طریقے سے ہم ان کا اعتبار اور اعتماد حاصل کر سکتے ہیں۔

شفافیت:

ہم نہ تو صارف کے چیمپین ہیں اور نہ ہی ان کے وکیل۔ غیر جانب داری اور کشادہ دلی ہماری بحث و مباحثے کو توقیت فراہم کرتی ہے۔ ہماری خدمات بلا معاوضہ ہیں۔ ہم تمام تنازعات میں راز داری کا اہتمام کرتے ہیں۔ اور مصالحت کا ایسا طریقہ اختیار کرتے ہیں جو دونوں فریقوں کو قبول ہوتا ہے۔ ہم جو فیصلے کرتے ہیں وہ با اصول، واضح اور متوازن ہوتے ہیں اس لئے عقلیت پسند افراد کو ان کے پس منظر کو سمجھنے میں کوئی دشواری نہیں ہوتی۔







2016

سالانہ رپورٹ



بینکنگ محتسب پاکستان

Banking Mohtasib Pakistan